نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ
اور تجویز کردہ اقدامات

لیبر ڈیپارٹمنٹ

لیبر ڈیپارٹمنٹ(LD) ہانگ کانگ اسپیشل ایڈمنسٹریٹو ریجن میں ایک پرنسپل ایجنسی ہے جس کا مقصد لیبر کے نمایاں بندوبستی افعال کی تعمیل اور ان میں اشتراک کار ہے۔ LD کے پیش نظر اپنی ورک فورس کی دیکھ بھال میں اضافہ اور کام پر موجود افراد کی سلامتی اور صحت کو بہتر بنانا ہے ۔

A. ملازمتی سروسیز، پالیسی سپورٹ اور بوائلر اینڈ پریشر ویسلز ڈویژنز

متعلقہ خدمات

- متنوع النسل ملازمت کے خواہاں افراد کے لیے متنوع اور مفت ملازمتی خدمات۔
- غیر ملکی گھریلو ہیلپرز(FDHs) کے لیے مدد اور تعاون
- ملازمتی ایجنسیوں (EAs) کو لائسنسنگ، معائنہ اور آجران اور ملازمت کے متلاشی افراد، بشمول FDHs کی جانب سے درج شکایات کی تفتیش کے ذریعے منضبط کرنا۔
- ساز و سامان کے مالکان کے لیے بوائیلرز اینڈ پریشر ویسلز کی رجسٹریشن کا انتظام۔
- مختلف اقسام کے بوائلز اینڈ پریشر ویسلز کے حوالے سے امتحانات کے انعقاد اور اہل امیدواروں کے لیے مہارت کا سرٹیفکیٹ جاری کرنا۔
- بوائیلرز اینڈ پریشر ویسلز کے محفوظ استعمال کو فروغ دینا۔

موجودہ اقدامات

- LD 13 جاب سینٹرز، تین صنعت کی بنیاد پر چلنے والے بھرتی مراکز، ٹیلی فون ایمپلائمنٹ سروس سینٹر، انٹرایکٹو ایمپلائمنٹ سروس (iES) ویب سائٹ (https://www.jobs.gov.hk)، اور اس کی موبائل ایپلیکیشن تین سیلیکٹو پلیسمنٹ ریجنل آفسزپر مشتمل ہے جو کہ معذوری کا شکار افراد کے لیے ملازمت کی تلاش کرتے ہیں، انٹر ایکٹو سیلیکٹو پلیسمنٹ سینٹر (iSPS) ویب سائٹ (https://www.jobs.gov.hk/isps)، یوتھ ایمپلائمنٹ اینڈ ٹریننگ پروگرام (YETP) کے ساتھ ساتھ دو یوتھ ایمپلائمنٹ اسٹارٹ (Y.E.S.) چینی اور انگریزی میں ملازمتی خدمات کی پیشکش کرتے ہیں۔
- سنٹر فار ہارمونی اینڈ اینہانسمنٹ آف ایتھنک مینارٹی ریزیڈنٹس (CHEER) کے ساتھ انتظامات کے ذریعے ملازمت کے متلاشیوں کے لیے مفت ترجمانی کی خدمات فراہم کرنا جو نہ تو چینی بولتے ہیں اور نہ ہی انگریزی؛ اور متنوع النسل افراد کے لیے چینی، انگریزی اور چھ بڑی زبانوں میں متعلقہ تشہیری مواد تیار کرنا۔
- جاب سینٹرز نے متنوع النسل متلاشیان ملازمت کے لیے خصوصی کاؤنٹرز فراہم کیے ہیں، اور ملازمتی معاونین اور روزگار کی خدمات کے ایمبیسڈرز کو بھی تعینات کیا ہے جو خدمات فراہم کرنے کے لیے متنوع النسل افراد کی زبانوں

میں بات چیت کر سکتے ہیں۔ LD متنوع النسل متلاشیان ملازمت کے لیے بڑے پیمانے پر اور ضلع کی بنیاد پر مشمولہ جاب فیئرز کا بھی اہتمام کرتا ہے تاکہ ان کی ملازمت کی تلاش میں آسانی ہو پائے۔ LD نے دو غیر سرکاری تنظیموں کو نسلی تنوع کے روزگار کے پروگرام کو لاگو کرنے کے لیے کمیشن دیا ہے جو متنوع النسل متلاشیان ملازمت کو کیس مینجمنٹ کے نقطہ نظر سے ون اسٹاپ ملازمتی خدمات فراہم کرتا ہے۔

- iES ویب سائٹ پر وقف شدہ ویب پیج (https://www.jobs.gov.hk/EM) متنوع النسل متلاشیان ملازمت کے لیے روزگار کی معلومات بھی فراہم کرتا ہے۔ LD آجروں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ ملازمت کے آرڈرز دیتے وقت زبان کے تقاضوں میں نرمی کریں اور متنوع النسل متلاشیان ملازمت کو ملازمت دینے پر غور کریں۔

- LD کی مختص کردہ 24 گھنٹے کی FDHہاٹ لائن ترجمانی سروس FDHs کوایک اسٹاپ سپورٹ فراہم کرنے کے لیے دستیاب ہے۔ کینٹونیز، انگریزی اور پوٹنگوا کے علاوہ سات FDH مادری زبانوں میں ترجمانی کی خدمات (جیسا کہ تگالوگ، بھاشا انڈونیشیا، تھائی، نیپالی، ہندی، پنجابی اور اردو) میں فراہم کی گئی ہیں۔
- متنوع النسل شکایت کنندگان یا متنوع النسل کے نمائندگان کوEAs کے ذریعہ مفت ترجمانی اور ترجمہ کی خدمات مہیا کرائی جاتی ہیں تاکہ وہ مجرمانہ تفتیش کے دوران اپنی متعلقہ مادری زبان میں اپنے بیانات دے سکیں۔
- LDکامختص کردہ FDHپورٹل (www.fdh.la bour.gov.hk) انگریزی اور چینی کے علاوہ دس FDH مقامی زبانوں میں دستیاب ہے، تاکہ FDHs کو ہانگ کانگ میں روزگار کے حقوق اور ذمہ داریوں سے متعلق معلومات حاصل کرنے میں سہولت دی جا سکے ۔
- LD کا مختص EA پورٹل (www.eaa.labour.gov.hk) تشہیر شدہ معلومات کا انتظام کرتا ہے جو کہ متنوع النسل افراد کے لیے چار بڑی زبانوں (جیسا کہ تگالوگ، بھاشا انڈونیشیا، تھائی اور کمبوڈین) میں شائع کی جاتی ہیں تاکہ ہانگ کانگ میں EAs کے ضابطے کی فہم ملازمت کے متنوع النسل متلاشیوں کے لیے ممکن ہو سکے۔ متنوع النسل افراد کے لیے مذکورہ بالا چار زبانوں میں ایک آن لائن شکایت فارم دستیاب ہے۔
- FDH LD کی کئی مقامی زبانوں میں ایک بڑی تعداد میں پریکٹیکل گائیڈز، پروموشنل کتابچے اور پوسٹر چھپواتی ہے ، اور ہانگ کانگ میں غیر حکومتی تنظیم کے ذریعے ہانگ کانگ انٹرنیشنل ائیرپورٹ پر متعلقہ مطبوعات کو FDHsمیں، FDHs کے آبائی ملکوں کے قونصلیٹس-جنرل میں، مختلف حکومتی محکموں کے دفاتر، وغیرہ میں تقسیم کیا جاتا ہے۔
- LD معلومات بمتعلق FDHsملازمتی حقوق اور ذمہ داریوں کی بابت فراہم کرتا ہے جو کہ ریسٹ کے ایام میں FDHs کے حوالے سے معروف اجتماعی مقامات پرکیوسک شاپس پر فراہم کی جاتی ہیں، جن کے اشتہارات عوامی دلچسپی کے حامل مقامی انڈونیشیائی اور فلپائنو اخبارات، بذریعہ ٹیلی ویژن براڈکاسٹ اور ریڈیو اعلانات کے ذریعےدیے جاتے ہیں جن کو عام طور پر FDHs پڑھتے اور دیکھتے سنتے ہیں۔

- تشہیری مواد بابت ضوابط EAsاور FDHs کے روزگار سے متعلق نمونہ دستاویزات چینی، انگریزی اور اہم زبانوں (مثلا تگالوگ، بھاشا انڈونیشیا، تھائی، نیپالی، میانماریز، اردو، ہندی، بنگالی، سنہالا اور خمر) میں متنوع النسل افراد کے لیے فراہم کر دیا گیا ہے تاکہ ان کے روزگار کے حقوق اور تحفظ کے بارے میں ان کی اگاہی کو بڑھایا جا سکے۔
- اقدامات میں ارتباط اور ان کے نفاذ کو یقینی بنانے کےلیے LD ایک خصوصیFDH ڈویژن قائم کرے گا تاکہ FDHs کے تحفظ میں اضافہ کیا جا سکے اور ان FDHs اور ان کے آجروں کو بہتر سپورٹ فراہم کی جا سکے۔
- LD ہانگ کانگ میں بڑے FDHs کے آبائی ممالک کے قونصلیٹ جنرل جنرل کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے اور ہانگ کانگ میں قونصل خانوں کے ذریعہ نئے آنے والے FDHs کے لیے تعارفی سیمینارز میں شرکت کرتا ہے، اور ان کے قومیتی افراد کے لیے منعقدہ سماجی/ثقافتی ایونٹس میں شریک ہوتا ہے جن کا انتظام قونصلیٹس جنرل کرتے ہیں۔
- LD چینی اور انگریزی دونوں میں بوائیلرز اینڈ پریشر ویسلز کی رجسٹریشن اور جانچ پڑتال کے لیے درخواست فارم اور رہنمائی نوٹ فراہم کرتا ہے۔ متعلقہ معلومات محکمہ کی ویب سائٹ پر چینی اور انگریزی دونوں میں ہی اپ لوڈ بھی کی جاتی ہے۔
- LD چینی یا انگریزی میں کسی ایک میں مہارت کے حوالے سے اہلیت کا سرٹیفکیٹ دینے کے لیے زبانی اور تحریری دونوں امتحانات کا انعقاد کرتا ہے۔
- LD تمام مطبوعات مہیا کرتا ہے، بشمول ضابطہ اخلاق، آپریشن گائیڈز اور چینی اور انگریزی دونوں میں ایکسیڈنٹ کے کیسز کا مختصر احوال جب کہ متنوع النسل صارفین کے حوالے سے عام طور پر ریفررڈ آپریشن گائیڈ کا بھی ہندی اور اردو میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- LD ملازمت کے متلاشیوں کے لیے اپنی خدمات کا جائزہ لے گا جو کہ متنوع النسل اور FDHs ملازمت کے متلاشی افراد کے لیے ہے اور یہ وقتاً فوقتاً ہوا کرے گا اور اس میں ضرورت کے مطابق بہتریاں لائی جائیں ، اور ہم متعلقہ جائزہ کے لیے ان سے اعداد و شمار جمع کریں گے۔
- LD کےذریعہFDHs کےفراہم کیے گئے سپورٹ خدمات کے استعمال پرLD معلومات جمع کرتا ہےتاکہ خدمات کے استعمال کے نمونوں کو سمجھا جا سکے، خدمات تک ان کی رسائی کی نگرانی کی جا سکے تاکہ خدمات کی فراہمی میں مسلسل بہتری کو ممکن بنایا جا سکے۔
- LD ایمپلائمنٹ ایجنسیوں کی انتظامیہ کے حوالے سے مقدمہ درج کرنے والے شکایت دہندگان کی قومیتوں اور ان کو فراہم کردہ ترجمہ اور ترجمانی خدمات کے متعلق معلومات کو محفوظ رکھتا ہے۔ LD اپنی خدمات کا جائزہ لینے کے لیے متنوع النسل شکایت کرنے والوں سے جمع کردہ آراء پر غور کرے گا اور مناسب طور پر بہتری لائے گا۔
- LD ہماری خدمات کا جائزہ لے گا جو رجسٹریشن، آپریٹرز کی سرٹیفیکیشن اور بوائیلرز اینڈ پریشر ویسلز کے محفوظ استعمال سے متلعق ہیں اور ایسا وہ وقتاً فوقتاً کرے گا، اور اس حوالے سے عوام اور عملے کی رائے اور مشوروں کو

مدنظر رکھے گا تاکہ متنوع النسل صارفین کے لیے ہماری خدمات کو بہتر بنایا جاسکے جب کہ ضروری ہو اور مناسب سمجھا جائے۔

نسلی مساوات کی ترویج کے لیے گئے موجودہ اور پلانکردہ اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانی ذیل میں درج چینلز کے ذریعے درج ذیل افسروں سے رابطہ کریں -

عمومی ملازمتی خدمات سے متعلق استفسارات کے لیےعمومی ملازمتی خدمات

نام	:	YU Sze-yee, Cecilia
عہدہ	:	لیبر آفیسر (ایمپلائمنٹ سروس) (ہیڈکوارٹرز)
ٹیلیفون نمبر	:	2852 4182
فیکس نمبر	:	2541 3351
ای میل	:	lo-es-hq-2@labour.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	Room 1720, 17/F., Harbour Building, 38 Pier Road, Central, Hong Kong

ایمپلائمنٹ انفارمیشن اینڈ پروموشن پروگرام آفس، جاب ویکینسی پراسیسنگ سینٹر اور ٹیلیفون ایمپلائمنٹ سروس سینٹر سے متعلق استفسارات کے لیے

نام	:	CHAN Yuen-han, Sandy
عہدہ	:	لیبر آفیسر (ایمپلائمنٹ انفارمیشن اینڈ پروموشن پروگرام آفس)
ٹیلیفون نمبر	:	2153 2602
فیکس نمبر	:	2850 5191
ای میل	:	lo-eip-p-1@labour.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	Room 222, 2/F., North Point Government Offices, 333 Java Road, North Point, Hong Kong

سیلیکٹو پلیسمنٹ سینٹر سے متعلق استفسارات کے لیے

نام	:	HUI Tsz-yan, Ceres
عہدہ	:	اسسٹنٹ لیبر آفیسر II (سیلیکٹو پلیسمنٹ) (ہیڈکوارٹرز)
ٹیلیفون نمبر	:	2852 4992
فیکس نمبر	:	2541 3914
ای میل	:	alo2_sp_hq2@labour.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	Room 1721, 17/F., Harbour Building, 38 Pier Road, Central, Hong Kong

یوتھ ایمپلائمنٹ سروسز سے متعلق استفسارات کے لیے

نام	:	CHIU Tsz-lui, Violet
عہدہ	:	لیبر آفیسر(یوتھ ایمپلائمنٹ)
ٹیلیفون نمبر	:	2852 3544
فیکس نمبر	:	2119 9820
ای میل	:	yed-hq@labour.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	12/F., Harbour Building, 38 Pier Road, Central, Hong Kong

FDHs کے لیے سپورٹ اینڈ اسسٹنس سے متعلق استفسارات کے لیے

نام	:	LO Siu-chung, Eric

عہدہ	:	لیبر آفیسر (ورکنگ ہالیڈے اسکیم / فارن ڈومیسٹک ہیلپرز)
ٹیلیفون نمبر	:	3582 8972
فیکس نمبر	:	3101 0604
ای میل	:	fdh-enquiry@labour.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	16/F., One Mong Kok Road Commercial Centre, 1 Mong Kok Road, Kowloon

لائسنسنگ، معائنہ اور آجروں اور ملازمت کے متلاشیوں، بشمول FDHs کی جانب سے مندرج شکایات کے حوالے سے تفتیش کے ذریعے EAs کو ریگولیٹ کرنے سے متعلق استفسارات کے لیے

نام	:	CHAN Hiu-yan, Catherine
عہدہ	:	LO(EA)2
ٹیلیفون نمبر	:	2115 3382
فیکس نمبر	:	2115 3756
ای میل	:	lo-ea-2@labour.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	Unit 906, 9/F., One Mong Kok Road Commercial Centre, 1 Mong Kok Road, Kowloon

بوائلر اینڈ پریشر ویسلز ڈویژن سے متعلق استفسارات کے لیے

نام	:	FUNG Sin-yee Cindy
عہدہ	:	ایگزیکٹو آفیسر (بوائلر اینڈ پریشر ویسل)
ٹیلیفون نمبر	:	3107 3443
فیکس نمبر	:	2517 0875
ای میل	:	eo-bpv@labour.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	Unit 01-02, 20/F, Millennium City 6, 392 Kwun Tong Road, Kwun Tong, Kowloon

B. ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈویژن

متعلقہ خدمات
- عملہ کی تربیت

موجودہ اقدامات
- نئے بھرتی شدہ اسسٹنٹ لیبر آفیسرز IIکے لیے اسٹاف ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈویژن (STDD) نسلی مساوات کے حوالے سے مکالمات کا انعقاد کر رہا ہے یہ انڈکشن پروگرام کا ایک جزو ہے، ، جو کہ لیبر آفیسر (LO) گریڈ کے افسران کے لیے بھی دلچسپی کا باعث ہیں ۔ اس کے علاوہ، STDD باقاعدگی سے متعلقہ ٹریننگ کورسز سے متعلق معلومات سامنے لاتا ہے جو کہ سول سروس کالج سے متعلقہ ہیں اور LO گریڈ افسران سے نامزدگیاں طلب کرتا ہے تاکہ جب مناسب ہو وہ اس ٹریننگ میں داخلہ لے سکیں۔

مستقبل کے کام کا جائزہ
- LO،STDD گریڈ افسران کی کارآمد ٹریننگجاری رکھے گا۔

C. آکوپیشنل سیفٹی ـ سسٹم اور سپورٹ

حکومت متنوع نسل سے تعلق رکھنے والے ورک فورسکی پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت (OSH)کو بہت اہمیت دیتی ہے ۔ اس مقصد کے پیش نظر،LDنے کئیاقدامات کیےہیں اور متنوع نسل کے ورکرز کی رسائی ہماریOSHسہولت کی خدمات تک بڑھائی ہے تاکہ ان کے اندرOSHکے حوالے سے آگہی آئے اور حادثات سے بچنے کے لیے وہ OSHکلچر کی تشکیل کر سکیں۔

متعلقہ خدمات

- متنوع النسل افراد کو OSHخدمات کی فراہمی.

موجودہ اقدامات

- LD سے وابستہ آکوپیشنل سیفٹی اینڈ ہیلتھ ٹریننگ سینٹر نے CHEER کی ترجمانی خدمت کوخدمت استعمال کرنے والے ان صارفین کو خدمات فراہم کرنے کے لیے استعمال کیا ہے جو نہ چینی بولتے ہیں اور نہ ہی انگریزی ۔ متنوع النسل کارکنوں کو اجازت دی جاتی ہے کہ وہ کلاس روم کی تربیت میں شرکت کے دوران دیگر افرادان کے ساتھ آسکتے ہیں۔

- LD کا رجسٹریشن اور اسٹاف ٹریننگ ڈویژن (RSTD) رجسٹرڈ سیفٹی آڈیٹرز، رجسٹرڈ سیفٹی آفیسرز اور رجسٹرڈ اسکیم آپریٹرز کے معائنہ کے لیے مفت خدمات فراہم کرتا ہے جو چینی اور/یا انگریزی میں ہیں۔ دفتر نے CHEER کے ساتھ ایسے انتظامات کیے ہیں جو سروس کے صارفین کے لیے مفت ترجمانی کی خدمات فراہم کرتے ہیں جو نہ تو چینی بولتے ہیں اور نہ ہی انگریزی۔ CHEER کے ذریعے فراہم کردہ ترجمانی خدمات کو فروغ دینے کے لیے دفتر کے اندر متنوع النسل افراد کی زبانوں کے پوسٹر نمایاں مقامات پر آویزاں کیے جاتے ہیں ۔ متنوع النسل افراد کے افراد کے ساتھ دیگر افراد بھی ہوسکتے ہیں جو ان کی جانب سے ترجمانی سروس فراہم کر سکتے ہیں۔
- LD کا RSTD نئے بھرتی شدہ آکوپیشنل سیفٹی آفیسرز II کے لیے پروبیشنری ٹریننگ پروگرام کے حصے کے طور پر نسلی مساوات پر بات چیت کا اہتمام کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ، RSTD باقاعدگی سے سول سروس کالج سے دستیاب متعلقہ تربیتی کورسز کے متعلق معلومات کو نشر کرتا ہے اور جہاں مناسب ہو تربیت کے حوالے سے داخلہ لینے کے لیے آکوپیشنل سیکورٹی آفیسر (OSO) گریڈ افسران سے نامزدگیوں کو مدعو کرتا ہے۔
- LD نےحادثات کی اطلاع دینے اور OSH شماریات کی خدمات سے متعلق استفسار کے لیے ہاٹ لائن قائم کیا ہے۔ دفتر نے CHEER کے ساتھ مل کر ایسے انتظامات کیے ہیں جو ان سروس کے صارفین کے لیے مفت ترجمانی کی خدمات فراہم کرتے ہیں جو نہ تو چینی بولتے ہیں اور نہ ہی انگریزی۔
- LD نے ایک OSHانکوائری ہاٹ لائن قائم کی ہے جو کہ OSHپر عوامی استفسارات کو ملاحظہ کرتی ہے جب کہ ایک OSH کمپلینٹ ہاٹن لائن غیر محفوظ کام کے ماحول سے متعلق عوامی شکایات کی سماعت کے لیے قائم کی گئی ہے۔ دفتر نے CHEER کے ساتھ مل کر ایسے انتظامات کیے ہیں جو ان سروس کے صارفین کے لیے مفت ترجمانی کی خدمات فراہم کرتے ہیں جو نہ تو چینی بولتے ہیں اور نہ ہی انگریزی۔

- LD مختلف طریقوں سے متنوع النسل کارکنوں کے درمیانOSH شکایت چینلز کو مختلف ذرائع کے ذریعہ فروغ دیتا ہے، جس میں OSH شکایت پلیٹ فارم کی معلومات پر مشتمل پلاسٹک کارڈ ہولڈرز کی تقسیم اور متنوع النسل افراد کی مختلف زبانوں میں شکایت ہاٹ لائن شامل ہے تاکہ غیر محفوظ کام کے ماحول کے خلاف شکایات درج کرانے میں ان کی ہمت افزائی کی جائے۔
- LD متنوع النسل افراد تک OSH کی اہم معلومات کی فراہمی کے لیےOSH کی اشاعتوں کومتنوع النسل افراد کی مختلف زبانوں میں نشر کرتا ہے اور متنوع النسل افراد کےلیے اخبارات اور جریدوں کے ذریعہ ورک سیفٹی پیغامات کو پھیلاتا ہے۔

مستقبل کے کام کا جائزہ	• LD وقتاً فوقتاً متنوع النسل افراد کے لیے اپنی خدمات کا جائزہ لے گا، OSO گریڈ آفیسرز کے لیے متعلقہ ٹریننگ فراہم کرنا جاری رکھے گا اور ضرورت کے مطابق بہتری لائے گا۔
اضافی اقدامات جو لیے گئے/جو لیے جانے ہیں	• LD "ورک سیفٹی الرٹس" سے متعلق انیمیشن ویڈیوزکا متنوع النسل افراد کی زبانوں (بشمول ہندی، نیپالی،ٹیگالوگ اور اردو) میں مسلسل ترجمہ کررہا ہے تاکہ تعمیری شعبہ میں کام کرنے والے متنوع النسل کے افراد OSH معلومات کو سمجھ سکیں۔

اگر درج بالا خدمات سے متعلق آپ کے ذہن میں کوئی استفسارات/تجاویز ہوں تو، براہ مہربانی آکوپیشنل سیفٹی اینڈ ہیلتھ برانچ سے اس ٹیلیفون نمبر 2297 2559 پر رابطہ کریں یاLDکوenquiry@labour.gov.hk پر ای میل بھیجیں۔

D. لیبر ریلیشنز

LD آجر اور ملازم کے تعلقات کو مشاورت اور رضاکارانہ سمجھوتہ کی خدمات کے ذریعے برقرار رکھتا ہے اور ان کے مابین ہم آہنگی پر مبنی تعلقات کو پروان چڑھاتا ہے تاکہ آجروں اور ملازمین کو مدد مل سکے اور ملازمین اپنے لیبر تنازعات اور دعووں کو نپٹا سکیں، معمولی ملازمتی دعووں کو طے کرسکیں اور ایمپلائمنٹ آرڈیننس(EO) کو فروغ دے سکیں اور عمدہ ہیومن ریسورس منیجمنٹ پریکٹسز (GHRM)کو پروان چڑھا سکیں۔ متنوع النسل افراد کو ان مفت خدمات تک یکساں رسائی حاصل ہے اور وہ تحفظ اور لیبر لاز سے متعلق مقامی ملازمین کی طرح فوائد سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔

<u>مشاورت اور سمجھوتہ سروسز کی فراہمی</u>

متعلقہ خدمات	• LDکا لیبر ریلیشنز ڈویژن (LRD)دس برانچ دفاتر کے نیٹ ورک کے ذریعے کام کرتا ہے اور یہ آجروں اور ملازمین کو، EO کم از کم اجرت کا آرڈیننس اور ملازمتی معاہدے سے متعلق مشاورت کی خدمت فراہم کرتا ہے ۔ یہ آجروں اور ملازمین کی مدد کرنے کے لیے آزادانہ اور رضاکارانہ مصالحتی سروس فراہم کرتا ہے تاکہ وہ اپنے تنازعات اور دعووں کو نپٹا سکیں۔

موجودہ اقدامات

- مشاورت اور مفاہمت کی خدمات کی انجام دہی کے دوران، LRD متعارف کرائے گا کہ وہ ایسے افراد کے لیے مفت ترجمانی سروس کا بندوبست کرے جو نہ چینی بول سکتے ہیں اور نہ ہی تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ اس سروس تک ان کی رسائی زبان کی رکاوٹوں کی وجہ سے متاثر نہ ہو پائے۔ CHEER کے ذریعہ فراہم کردہ ترجمانی خدمات کے بارے میں نوٹس اور پوسٹرز، LRD کے برانچ دفاتر میں متعدد زبانوں میں چسپاں کیے جاتے ہیں تاکہ عوام مینایسی خدمات کے بارے میں بیداری بڑھائی جاسکے۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- LRD وقتاً فوقتاً خدمات کا جائزہ لے گا اور ضرورت کے مطابق بہتری لائے گا۔

نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ اور منصوبہ شدہ اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانی ذیل میں درج چینلز کے درج ذیل آفیسر سے رابطہ کریں۔

نام:		LAM Man-huen, Emily
عہدہ:		اسسٹنٹ لیبر آفیسر I (لیبر ریلیشنز) (ہیڈکوارٹرز)
ٹیلیفون نمبر	:	2852 3507
فیکس نمبر	:	2545 2959
ای میل	:	lrd-hq@labour.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	12/F, Harbour Building, 38 Pier Road, Central, Hong Kong

<u>معمولی ملازمتی دعووں کا تصفیہ</u>

متعلقہ خدمات

- معمولی روزگارسے متعلق دعوونکا تصفیہ ا بورڈ (دی بورڈ) فوری، غیر روایتی اور کم لاگت پر مشتمل ملازمتی تنازعات کے تصفیہ کی خدمات فراہم کرتا ہے جو کہ نسلی پس منظر سے قطع نظر ملازمین اور آجروں کو فراہم کی جاتی ہے۔

موجودہ اقدامات

- اگر LRD کی مصالحتی خدمت سے ملازمتی تنازعات حل نہیں ہوتا ہے تو، ملازمین یا آجر دوسرے فریق کے خلاف دعوی جات داخل کرنے کے لیے بورڈ سے اس کے دائرہ اختیار کے اندر رہتے ہوئے رجوع کرسکتے ہیں۔
- سماعتوں کے دوران، بورڈ ان ملازمین اور آجروں کے لیے مفت ترجمانی کی خدمات فراہم کرتا ہے جو ایسی خدمت کی درخواست کرتے ہیں۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- ضروت مند ملازمین اور آجروں کے لیے دورانِ سماعت بورڈ مفت ترجمانی کی خدمات فراہم کرتا رہے گا۔

نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ اور منصوبہ شدہ اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانی ذیل میں درج چینلز کے ذریعے مندرجہذیل افسر سے رابطہ کریں۔

نام : TSANG Cheuk-yang, Charie

عہدہ	:	ڈپٹی رجسٹرار
ٹیلیفون نمبر	:	2927 8008
فیکس نمبر	:	2314 2947
ای میل	:	mecab@labour.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	Room 1012, 10/F, Cheung Sha Wan Government Offices, 303 Cheung Sha Wan Road, Kowloon

پروموشن برائے EO اور GHRM پریکٹسز

متعلقہ خدمات

- کام کی جگہ مشاورت پروموشن ڈویژن (WCPD)–ایل ڈی کا ایک ذیلی ادارہ ہے جس کے ذمہ ہے-

  - صنعت کی بنیاد پر سہ فریقی کمیٹیوں کے ذریعے آجروں، ملازمین اور حکومت کے نمائندوں کے درمیان سہ فریقی مذاکرات اور معاونت کرنا۔
  - انسانی وسائل کے پریکٹیشنر میں EO کے حوالے سے فہم بڑھانا اور ہیومن ریسورس منیجرز' کلبز قائم کر کے GHRM پریکٹسز کو فروغ دینا اور ارکان کو تجربے پر مبنی سیشنز، بریفنگز، نیوزلیٹرز اور مشاورتی سروس فراہم کرنا۔
  - مختلف تشہیراتی چینلز اور مختلف پروموشنل سرگرمیوں کے ذریعہ آجروں اور ملازمین کو EO اورGHRM کے طریقوں سے متعلق معلومات فراہم کرنا۔
  - ضابطہ ہائے اخلاق وضع کرنا اور آجروں اور ملازمین کے لیے حوالہ جاتی مطبوعات تیار کرنا.

موجودہ اقدامات

- اگرسہ فریقی کمیٹیاں اور ہیومن ریسورس منیجرز کے کلبز متنوع النسل افراد کے لیے ان کی زبان(زبانوں) میں سروس طلب کرتے ہیں تو، WCPDترجمانی/ترجمہ کی سروسز کا ضرورت پڑنے پر بندوبست کرے گا۔

- EO کی اہم شقوں کے فروغ کے بارے میں تشہیری کتابچے چینی، اور انگریزی کے علاوہ متنوع النسل کے افراد کی نو زبانوں (ہندی، نیپالی، سنہالا، اردو، انڈونیشی، تگالوگ، تھائی، پنجابی اور ویتنامی) میں دستیاب ہیں ۔ متعلقہ کتابچے کا الیکٹرانک ورژن لیبر ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کردیا گیا ہے۔ متنوع النسل افراد کے زبانوں میں مطبوعات کثیر لسانی پلیٹ فارم پر حکومت کے (GovHK) کے ون-اسٹاپ پورٹل پر اپلوڈ کر دی گئی ہیں اور متنوع النسل ملازمت کے متلاشیوں کے لیے وقف ویب کے صفحہ انٹرایکٹو ایمپلائمنٹ سروس کی ویب سائٹ(iES) پر چڑھا دی گئی ہیں۔ اگر عامۃ الناس کے ارکان دیگر مطبوعات کی متنوع السل افراد کی زبانوں میں دستیابی کی درخواست کریں گے تو، WCPDضرورت کی بنیاد پر ترجمہ کی سروس کا بندوبست کرے گا۔

- چینی، انگریزی اور متنوع النسل افراد کی نو زبانوں میں متعلقہ تشہیری کتابچے سفری نمائشوں کے دوران ضرورت مند صارفین کی خدمت کے لیے دستیاب کرائےگئے ہیں۔
- CHEER کے ذریعہ فراہم کردہ مفت ترجمانی خدمات کو فروغ دینے کے لیے متنوع النسل افراد کی بڑی زبانوں میں ایک پوسٹر استقبالیہ کاؤنٹر پر ایک نمایاں پوزیشن پر آویزاں کیا جاتا ہے ۔ استقبالیہ کاؤنٹر کا عملہ CHEER کی خدمت کی دستیابی کو متعارف کرائے گا اور ضرورت مند صارفین کو ایسی خدمت کا انتظام کرنے کی پیش کش کرے گا۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- WCPD وقتاً فوقتاً متنوع النسل کے افراد کے لیے اپنی خدمات کا جائزہ لے گا اور ضرورت کے مطابق بہتری لائے گا۔

اضافی اقدامات جو لیے گئے/جو لیے جانے ہیں

- WCPDڈبلیو سی پی ڈی CHEER کے ذریعہ فراہم کردہ ترجمانی خدمات کو فروغ دینے والے کتابچے سروس صارفین کی سرگرمیوں کے حوالے سے دستیاب کرے گا اور ان افرادکےلیے مناسب لسانی خدمات کو روبہ عمل لائے گا جن کو کو لسانی خدمت کی ضرورت ہوگی۔

نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ اور تجویز کردہ اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانی ذیل میں درج چینلز کے ذریعے درج ذیل افسر سے رابطہ کریں۔

نام	:	CHOW Ka-yee, Stephanie
عہدہ	:	اسسٹنٹ لیبر آفیسر(ورک پلیسکنسلٹیشن پروموشن)
ٹیلیفون نمبر	:	2121 8690
فیکس نمبر	:	2121 8695
ای میل	:	wcpd@labour.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	5/F, Mongkok Government Offices,30 Luen Wan Street, .Mongkok, Kowloon

E. آکوپیشنل ہیلتھ سروس

متعلقہ خدمات

- متنوع النسل ملازمین کو پیشہ ورانہ صحت کی فراہمی بشمول مشاورتی خدمات فراہم کرنا، ان کے کام کی جگہوں کا معائنہ کرنا اور پیشہ ورانہ صحت اور حفظان صحت سے متعلق قانون سازی کا نفاذ کرنا، پیشہ ورانہ بیماری کے مشتبہ معاملات کی تحقیقات کرنا اور علاج کی فراہمی، معاوضے کے دعووں کے ساتھ ملازمین کا رخصت برائے بیماری کے حوالےسے کلیئرنس انٹرویو کرنا اور پیشہ ورانہ صحت سے متعلق ابلاغ کرنا۔

موجودہ اقدامات

- جب متنوع النسل ملازمین پیشہ ورانہ صحت کی خدمات کے حصول کی تلاش میں ہوں یا پیشہ ورانہ صحت سے متعلق معاملات کی تفتیش کے لیے ان کا انٹرویو لیا جائے تو،LD ان کے لیے ضروری طور پر ترجمانی خدمات کا بندوبست کرے گا۔ LD، CHEER کے ساتھ مل کر اس حوالے سے انتظامات کرے گا کہ ایسے ملازمین کو مفت ترجمانی کی خدمات فراہم کرنے کی جائیں

جو نہ تو چینی بولتے ہیں اور نہ انگریزی بولتے ہیں۔ متنوع النسل افراد کی نمایاں زبانوں (جیسا کہ تگالوگ، بھاشا انڈونیشیا، تھائی، ہندی، اردو، نیپالی اور پنجابی) میں پوسٹرزسروس سنٹرز کے اندر نمایاں جگہوں پر چسپاں کیے جائیں گے تاکہ بروقت ترجمانی خدمات فراہم کی جا سکیں۔

- LD نے آکوپیشنل ہیلتھ کی مطبوعات کا متنوع النسل افراد کی زبانوں میں ترجمہ کیا ہے۔ ان مطبوعات تک رسائی کی سہولت کے لیے،LD کے آکوپیشنل ہیلتھ سروسزکے دفاتر نے متنوع النسل افراد کی زبانوں میں نمایاں طور پر ایک نوٹساویزانکیا ہے جس میں متنوع النسل ملازمین کو یہ مطبوعات حاصل کرنے کی ترغیب دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ، یہ مطبوعات LDکے ویب پیج پرعوام کے لیے ڈاؤنلوڈن اور تقسیم کی غرض سے رکھی گئی ہیں۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- LD وقتاً فوقتاً متنوع النسل ملازمین کے لیے پیشہ ورانہ صحت سے متعلق اپنی خدمات کا جائزہ لے گا اور مناسب طور پر بہتری لائے گا۔

اضافی اقدامات جو لیے گئے/جو لیے جانے ہیں

مندرجہ ذیل اضافی تدابیراختیار کی گئیں/کی جائیں گی۔

- LDنے متنوع النسل کے ملازمین کے لیے آکوپیشنل ہیلتھ سروس کو بڑھانے کے لیے متعلقہ تربیت حاصل کرنے کے حوالے سے کچھ عملے کا انتظام کیا ہے۔ مستقبل میں، ہم مناسب تربیت کی تلاش میں رہیں گے اور اپنے عملے کی اس میں شرکت کا بندوبست کریں گے۔

نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ اورمنصوبہ شدہ اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانی ذیل میں درج چینلز کے ذریعے مندرجہ ذیل افسر سے رابطہ کریں۔

عہدہ	:	Occupational Health Service
ٹیلیفون نمبر	:	2852 4041
فیکس نمبر	:	2581 2049
ای میل	:	enquiry@labour.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	15/F., Harbour Building, 38 Pier Road, Central, Hong Kong

F. ایمپلائیز کمپنسیشن ڈویژن

متعلقہ خدمات

- متنوع النسل ملازمین کو کام پر لگنے والی چوٹ یا پیشہ ورانہ طور پر لگنے والی بیماری کے حوالے سے مدد کرنا، یا کسی ملازم کے متنوع النسل اہل خانہ کی مدد کرنا اگر وہ ملازم کام پر حادثے کا شکار ہو کر انتقال کر جائے یا اس کو پیشہ ورانہ طور پر کوئی بیماری لگ جائے تو اس حوالے سے ایمپلائیز کمپنسیشن آرڈیننس کے تحت معاوضے کے حصول میں معاونت فراہم کرنا۔

موجودہ اقدامات

- ایمپلائیز، کمپنسیشن ڈویژن اور LDکے مہلک مقدمات کے آفس کے ذریعے انگریزی اور چینی زبان میں متعلقہ خدمات پیش کی جاتی ہیں۔

- ہم نے CHEER کے ساتھ مل کر متنوع النسل زخمی ملازمین یا ان کے خاندان کے ارکان کے لیے ترجمانی سروسز کا بندوبست کیا ہے جو نہ تو چینی اور نہ ہی انگریزی بولتے ہیں۔ CHEER کی جانب سے فراہم کردہ ترجمانی سروسز کی تشہیر کے لیے متنوع النسل افراد کی بڑی زبانوں (جیسا کہ تگالوگ، بھاشا انڈونیشیا، تھائی، ہندی، اردو، نیپالی اور پنجابی) میں پوسٹرز ان دفاتر کے اندر ریسپشن کاؤنٹرز کے نمایاں پر چسپاں کیے جائیں گے تاکہ ترجمانی خدمات کے حوالے سے معلومات دی جا سکیں۔ مذکورہ بالا دفاتر کے ارکان عملہ متنوع النسل وزیٹرز کو ترجمانی سروسز سے متعلق تعارف پیش کریں گے جو کہ اس زبان میں چھپے فارم کے ذریعے ہو گا تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جا سکے کہ آیا ان کو اس سروس کی ضرورت ہے یا نہیں ہے۔
- متنوع النسل زخمی ملازمین اور ان کے کنبہ کے افراد کے لیے ایمپلائیز' کمپنسیشن سکیم کے استعمال میں سہولت کے لیے، متعلقہ تشہیری کتابچے اور معلوماتی شیٹس چینی، انگریزی اور متنوع النسل کی بڑی زبانوں میں دستیاب ہیں۔
- ایمپلائیز' کمپنسیشن اسسیسمنٹ بورڈ کی جانب سے کام پر لگنے والی چوٹ کا جائزہ لینے کے لیے شرکت کرنے کے حوالے سے متنوع النسل کے زخمی ملازمین کی سہولت کے لیے موقع پر ایک ترجمانی کی خدمات کا بندوبست کرے گا اگر ایسا کرنے کی ضرورت پیش آئی۔
- متنوع النسل افراد کی جانب سے خدمات کے استعمال سے متعلق ڈیٹا اور اعداد و شمار جمع کرنا، اور اس ڈیٹا (غیر ذاتی ڈیٹا) کو آسانی سے بازیافت کرنا۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- ہم وقتاً فوقتاً متنوع النسل زخمی ملازمین اور ان کے کنبے کے افراد کے لیے اپنی خدمات کا جائزہ لیں گے اور حسب ضرورت بہتری لائیں گے۔

- ۔ ہم متنوع النسل افراد کی جانب سے سروسز کے استعمال کے حوالے سے ڈیٹا اور اعداد و شمار (غیر ذاتی ڈیٹا) جمع کریں گے تاکہ متعلقہ اقدامات کے اثر کا جائزہ لیا جا سکے اور سروس کی فراہمی کے حوالے سے مسلسل بہتری لائی جا سکے۔

اس ڈویژن کی طرف سے نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانی ذیل میں درج چینلز کے ذریعے مندرجہ ذیل افسر سے رابطہ کریں۔

نام	:	Miss WONG Mui-yim Myra
عہدہ	:	لیبر آفیسر
ٹیلیفون نمبر	:	2852 3704
فیکس نمبر	:	2314 3350
ای میل	:	ECD-OP2-ENQ@labour.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	12/F., Harbour Building, 38 Pier Road, Central, Hong Kong

G. ایمپلائمننٹ کلیمز انویسٹیگیشن ڈویژن

متعلقہ خدمات
- ایمپلائمنٹ آرڈیننس اور ایمپلائیز' کمپنسیشنآرڈیننس کے تحت مشتبہ جرائم کی تحقیقات۔

موجودہ اقدامات
- ترجمانی اور ترجمہ کی خدمات کا اہتمام ایسے گواہوں اور مشتبہ قانون شکن آجروں کے لیے کیا جاتا ہے جو نہ تو کینٹونیز اور نہ ہی انگریزی زبان بولتے ہوں۔

مستقبل کے کام کا جائزہ
- ہم ضرورت مند متنوع النسل گواہوں اور مشتبہ قانون شکن آجروں کے لیے مفت ترجمہ اور ترجمانی خدمات کی فراہمی جاری رکھیں گے۔
- ہم لسانی خدمات کی سروسز کے صارفین کی ضرورت کا اندازہ لگانے کے لیے متنوع النسل افراد کی خدمات کے استعمال سے متعلق ڈیٹا اور اعداد و شمار (غیر ذاتی ڈیٹا) جمع کریں گے۔

اس ڈویژن کی جانب سے نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانیذیل میں درج چینلز کے ذریعے درج ذیل افسر سے رابطہ کریں۔

نام	:	Mr LEUNG King-wai, Frankie
عہدہ	:	اسسٹنٹ لیبر آفیسر I (ایمپلائمنٹ کلیمز انویسٹیگیشن) (ہیڈکوارٹرز)
ٹیلیفون نمبر	:	3847 7642
فیکس نمبر	:	2543 4375
ای میل	:	alo1_eci_hq@labour.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	7/F, Treasury Building, 3 Tonkin Street West, Cheung Sha Wan, Kowloon

H. پروسیکیوشن ڈویژن

متعلقہ خدمات
- ملازمین کے قانونی حقوق اور فوائد (بشمول متنوع النسل افراد) کے تحفظ کے لیے لیبر قانون سازی کے تحت قانونی چارہ جوئی کرنا۔

موجودہ اقدامات
- ملازمین اور متنوع النسل مدعا علیہان کو عدالتی کارروائی میں شرکت کے لیے سہولیات فراہم کرنے کی غرض سے، استغاثہ کے افسران عدالت میں درخواست دیں گے کہ ملازمین اور مدعا علیہان کے لیے اپنی مادری زبان یا قابل فہم زبان میں ثبوت، درخواست یا دفاع کے لیے ترجمانی خدمات کا انتظام کیاجائے۔

مستقبل کے کام کا جائزہ
- ہم عدالت میں ترجمانی کی خدمات کے حوالے سے ملازمین اور متنوع النسل مدعا علیہان کا ڈیٹا اور اعداد و شمار (غیر ذاتی ڈیٹا) جمع کریں گے تاکہ سروسز کے حوالے سے ان کیضروریات کا جائزہ لیا جا سکے۔

- ہم وقتاً فوقتاً عدالتی کارروائی میں شرکت کے سلسلے میں متنوع النسل افراد کی ضروریات کا بھی جائزہ لیں گے اور جہاں مناسب ہو وہاں مزید معاونت فراہم کریں گے۔

اس ڈویژن کی جانب سے نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانی ذیل میں درج چینلز کے ذریعے درج ذیل افسر سے رابطہ کریں۔

نام	:	Ms Terry NG
عہدہ	:	لیبر آفیسر
ٹیلیفون نمبر	:	2852 3618
فیکس نمبر	:	2854 9096
ای میل	:	lo-p-3-1@labour.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	12/F., Harbour Building, 38 Pier Road, Hong Kong

I. لیبر انسپیکشن ڈویژن

متعلقہ خدمات	• کام کی جگہ کے معائنے اور مشتبہ جرائم کی مجرمانہ تفتیش کے ذریعے متعلقہ لیبر قانون سازی نافذ کرکے متنوع النسل ملازمین کے حقوق اور مراعات کا تحفظ کرتا ہے۔
موجودہ اقدامات	• خدمات انگریزی اور چینی زبان میں مہیا کی جاتی ہیں۔ چینی اور انگریزی دونوں میں معلوماتی کتابچے، پمفلٹس، جامع ہدایت نامے اور فارم عوام کے حوالہ کے لیے فراہم کیے گئے ہیں۔ متعدد مطبوعات متنوع النسل کی بڑی زبانوں میں بھی چھپی ہوئی ہیں (بشمول تگالوگ، بھاشا، تھائی، ہندی، نیپالی اور اردو) تاکہ متنوع النسل کے آجروں اور ملازمین کو ان کی قانونی ذمہ داریوں/حقوق اور فوائد کو متعلقہ لیبر لاز کے تحت سمجھنے کے قابل بنائیں۔
	• متنوع النسل کے آجروں اور ملازمین کے لیے جہاں ضروری ہو تفتیشی انٹرویو میں شرکت کے لیے ترجمہ اور ترجمانی خدمات کا اہتمام کیا گیا ہے۔
مستقبل کے کام کا جائزہ	• ہم وقتاً فوقتاً اپنی خدمات کا جائزہ لیں گے، بشمول ڈیٹا اور اعداد و شمار جمع کریں گے (غیر ذاتی ڈیٹا) جو کہ متنوع النسل افراد کے سروسز کے استعمال سے متعلق ہو گا، اور اپنی خدمات میں حسب ضرورت اضافہ کریں گے۔

اس ڈویژن کی جانب سے نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانیذیل میں درج چینلز کے ذریعےمندرجہ ذیل افسر سے رابطہ کریں۔

نام	:	Miss AU Sui-fun
عہدہ	:	چیف لیبر انسپکٹر (ہیڈکوارٹرز)
ٹیلیفون نمبر	:	2815 2200
فیکس نمبر	:	2850 4949
ای میل	:	lid-hq@labour.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	17/F, Harbour Building, 38 Pier Road, Central, HK

J. ویج سیکورٹی ڈویژن

متعلقہ خدمات	• پروٹیکشن آف ویجز آن انسولوینسی فنڈ (PWIF) ان متنوع النسل ملازمین کےذریعہ قائم کیا گیا ہے جن کو اجرتیں ادا کی جانی ہیں، نوٹس کے عوض اجرتیں، سیورینس ادائیگی سالانہ رخصت نہ لیے جانے پر ادائیگی اور/یا انسولوینٹ آجروں کی طرف سے فراہم کردہ نا حصول کردہ قانونی تعطیلات کے عوض ادائیگی کے حوالے سے ایکس گراٹیا ادائیگی کے لیے درخواستوں پر عمل درآمد کرنا۔
موجودہ اقدامات	• ہم نے چینی اور انگریزی دونوں میں پروٹیکشن آف ویجز آن انسولوینسی آرڈیننس، PWIF سے ایکس گراٹیا ادائیگی کے حصول کے لیے درخواست فارمز اور متعلقہ رہنما نوٹس شائع کیے ہیں۔
	• ہم متنوع النسل درخواست دہندگان کے لیے CHEER سے مفت ترجمانی سروس کا بندوبست کرائیں گے جو نہ تو چینی بولتے ہیں نہ ہی انگریزی اگر ان کی درخواستوں کی تصدیق کے عمل کے دوران یہ ضروری سمجھا گیا۔
مستقبل کے کام کا جائزہ	• ہم لسانی خدمات کی سروسز کے صارفین کی ضرورت کا اندازہ لگانے کے لیے متنوع النسل افراد کی خدمات کے استعمال سے متعلق ڈیٹا اور اعداد و شمار (غیر ذاتی ڈیٹا) جمع کریں گے۔

اس ڈویژن کی جانب سے نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانی ذیل میں درج چینلز کے ذریعے مندرجہ ذیل افسر سے رابطہ کریں۔

نام	:	Mr LEUNG Pui-chung, Thomas
عہدہ	:	اسسٹنٹ لیبر آفیسر I(ویج سیکورٹی)
ٹیلیفون نمبر	:	2923 5293
فیکس نمبر	:	2832 2025
ای میل	:	wsd@labour.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	16/F, Overseas Trust Bank Building, 160 Gloucester Road, Wan Chai, Hong Kong

K. نیوموکونیوسس اینڈ میسوتھیلیوما کمپنسیشن آفس

متعلقہ خدمات	• نیوموکونیوسس اور/یا میسوتھیلیوما کے شکار افراد یا ان کے کنبہ کے ارکان کی معاونت کرتا ہے تاکہ وہ نیوموکونیوسس اینڈ میسوتھیلیوما (کمپنسیشن) آرڈیننس کے تحت حقِ معاوضہ حاصل کر سکینیانیوموکونیوسسایکس گراٹیا سکیم کے تحت ایکس گراٹیا ادائیگی حاصل کرسکیں۔

موجودہ اقدامات

- نیوموکونیوسس اینڈ میسوتھیلیوما کمپینسیشن آفس (PMC آفس) میں انگریزی اور چینی میں سروسز کی فراہمی۔

- ہم نے CHEER کے ساتھ انتظامات کیے ہیں تاکہ ان درخواست گزاروں کو مفت ترجمانی سروسز فراہم کی جا سکیں جو نہ تو چینی اور نہ ہی انگریزی بولتے ہیں۔ متنوع النسل افراد کی بڑی زبانوں (جیسا کہ تگالوگ، بھاشا انڈونیشیا، تھائی، ہندی، اردو، نیپالی، ویت نامی) میں پوسٹرز نمایاں جگہوں پر دفتر میں آویزاں کیے جائیں گے تاکہ CHEER کی طرف سے فراہم کردہ سروسز کو فروغ دیا جا سکے۔

- معاوضے کے لیے درخواست دہندگی کے حوالے سے کلیدی درخواست فارم اور عہد نامے کے سرٹیفیکیٹ چینی اور انگریزی دونوں میں دستیاب ہیں۔ حسب ضرورت متنوع النسل درخواست دہندگان کے لیے ترجمہ اور ترجمانی خدمات کا انتظام کیا جائے گا۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- ہم وقتاً فوقتاً متنوع النسل درخواست دہندگان کے لیے اپنی خدمات کا جائزہ لیں گے اور مناسب طور پر بہتری لائیں گے۔

- ہم لسانی خدمات کی سروسز کے صارفین کی ضرورت کا اندازہ لگانے کے لیے متنوع النسل افراد کی خدمات کے استعمال سے متعلق ڈیٹا اور اعداد و شمار (غیر ذاتی ڈیٹا) جمع کریں گے۔

اس دفتر کی جانب سے نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ اور اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانی ذیل میں درج چینلز کے ذریعے درج ذیل افسر سے رابطہ کریں۔

نام	:	Ms Vivian SIU
عہدہ	:	لیبر آفیسر I (ایمپلائیز' کمپنسیشن) (سینٹرل سروسز سیکشن 1)
ٹیلیفون نمبر	:	2852 4034
فیکس نمبر	:	2854 4166
ای میل	:	lo_c_cs1_1@labour.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	Pneumoconiosis and Mesothelioma Compensation Office, Employees' Compensation Division, Labour Department, 6/F., Harbour Building, 38 Pier Road, Central, Hong Kong.

لیبر ڈیپارٹمنٹ
جون 2023